Rampur State Gazette

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر (مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۲۹ ربیع الثانی ۱۳۵۳ھ مطابق ۱۱ اگست ۱۹۳۴ء جلد

حصہ اول

ذکر اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	انتظام سلسلہ داخلہ نواب ولیعہد صاحب بہادر بہ "رائل ملٹری کالج" ڈیرہ دون	۔۔۔

خلاصہ احکام کونسل ریاست رامپور

(۱)	تقرر چارکس بحیثیت فائنانس آفیسر	۴	(۵)	اجازت خرید سامان فرنیچر و سٹیشنری از بازار بجائے تفاوت نرخ جیل فورس و اسٹیٹ پریس۔	۴
(۲)	منظوری رقم مارس الاؤنس افسر صیغہ جنگلات	۵			
(۳)	" الاؤنس ڈاکٹر مہابیر پرشاد صاحب	"	(۶)	نقشہ احکام اجلاس جناب پریذیڈنٹ بہادر کونسل۔	۶

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور یوپی)

روبکار اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

روبکار:- واقع ۴ اگست ۱۹۳۳ء

چونکہ بحسب الحکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم نواب ولیعہد بہادر کا داخلہ رائل ملٹری کالج ڈیرہ دون میں ہو گیا ہے۔ لہذا حسب ایمائے ہمایوں حسب صراحت تحت احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

(۱) میجر عطاء الرحمن صاحب کو تا صدور حکم ثانی پرسنل اسسٹنٹ صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل مقرر کیا جاتا ہے۔ چار سو روپیہ تنخواہ اور پچیس روپیہ کرایہ مکان جو پاتے ہیں۔ بدستور پائیں گے۔ اور جملہ رعایتیں بھی بدستور رہیں گی۔ مبلغ تین ہزار چار سو روپیہ بابت تنخواہ از یکم اگست ۱۹۳۳ء تا آخر مارچ ۱۹۳۴ء مد مشاہرات بجٹ نواب ولیعہد بہادر سے مد مشاہرات بجٹ اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر منتقل کئے جائیں۔

(۲) ایک چھوٹی آسٹن موٹر کار برائے سواری موٹر گیراج سے انکو دیدی جائے۔ موٹر کے واسطے ایک ڈرائیور مشاہرہ دار بیس روپیہ کے تقرر کی اجازت دیجاتی ہے مبلغ ایک سو ساٹھ روپیہ برائے ہشت ماہ مد مشاہرات بجٹ نواب ولیعہد بہادر سے مد مشاہرات بجٹ اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر منتقل کئے جائیں۔ اور مثل دیگر سکریٹری صاحبان بہادر کے مصارف پٹرول کی رقم تعدادی تین سو بیس روپیہ بحساب چالیس روپیہ ماہانہ برائے ہشت ماہ مد مشاہرات بجٹ نواب ولیعہد بہادر سے مد خریداری پٹرول بجٹ اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر منتقل کیجائے۔

(۳) مولوی مہدی حسن صاحب یزدی اور مولوی سید ذوالفقار حسین صاحب اپنی اپنی تنخواہیں بدستور بجٹ نواب ولیعہد بہادر سے پائیں گے۔ مولوی سید ذوالفقار حسین صاحب کے فرائض کے بارہ میں جداگانہ روبکار جاری ہوگا۔

(۴) صابر پرشاد کلرک کے تبادلہ کا حکم علیحدہ جاری ہو چکا ہے۔

(۵) قاضی عاشق حسین۔ حاجی عاشق حسین۔ احمد خاں شمشاد علی ملازمان باورچی خانہ و پینٹری متعلق نواب ولیعہد بہادر اور پیارے فراش کو بحکم حضور سے تخفیف کیا جاتا ہے۔ بوقت خالی جگہ انکا خیال رکھا جائے۔

(۶) انعام احمد خاں۔ شمشو خاں۔ اور حشمت علی جمعدار سامان نواب ولیعہد بہادر کی بدستور نگرانی رکھیں گے۔ اور تنخواہ بدستور بجٹ نواب ولیعہد بہادر سے پائیں گے۔

(۷) دو ہرکارہ، ہاؤس ہولڈ ڈپارٹمنٹ سے بزمانہ قیام [illegible] پر تعینات رہتے ہیں۔ وہ بدستور تعینات کر دیئے جائیں۔ تاکہ سامان کی حفاظت بدستور ہو سکے۔

(۸) چھٹن دھوبی کو بزمانہ قیام [illegible] پندرہ روپیہ

ماہوار تنخواہ ملتی تھی۔ آیندہ جب نواب ولیعہد بہادر
کا قیام رامپور ہوا کرے گا۔ نامبردہ کو پندرہ روپیہ
ماہوار تنخواہ بدستور دیجاویگی۔

۲ جملہ امور متعلق تعلیم و بجٹ نواب ولیعہد بہادر کا
تعلق آیندہ براہ راست صاحب پریسیڈنٹ بہادر
کونسل سے رہے گا۔

حکم ہوا کہ

حسب صدر احکام ضابطہ جاری ہوں
یکسا نقل درج گزٹ ہو۔

بائی آرڈر
(دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل)

آرڈرزان کونسل ریاست رامپور

آرڈران کونسل۔

واقع ۱۰ اگست ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۳ اگست ۱۹۳۳ء میں کاغذات منظوری تقرر تحت دوسری کام بانشندہ ضلع غیر بعہدہ اکاؤنٹنٹ شاہرہ ما ماہانہ ومیں ایز حسان احمد برتحت تنخواہ پیش ہوکر طے پایا کہ۔

اجلاس ہذا سے فائنانس ڈپارٹمنٹ کے لئے تین آسامیاں ایک مٹری آڈیٹر شاہرہ [illegible] و [illegible] روپے دو اکاؤنٹنٹ فی اسم [illegible] ماہوار منظور ہوچکی ہے۔ منجملہ انکے رضا احمد خاں بی۔اے۔ شاہرہ [illegible] و [illegible] لائسنس ڈپریسری اسی اشرکہ مریض کا تقرر شاہرہ ماہوار منظور ہوچکا ہے۔

تیسری آسامی۔ بی کام کا لعنت ہیں ہیری خالی آسامی پر شاہرہ وسالغور [illegible] ماہوار باتفاق رائے سردست عارضی طور پر وقت تک سے لئے منظور کیا جاتا ہے جب تک کوئی ریاست کا باشندہ ٹریننگ حاصل کر کے کام کے قابل ہو جائے۔ ہر دو اکاؤنٹنٹ کی بحیت تنخواہ سے تین پیڈ اپرنٹس منفصلہ تحت کے تقرر کی منظوری دیجاتی ہے۔ ہر سہ پیڈ اپرنٹیسان کو کام سکھایا جائے تاکہ آیندہ وہ کار اف فائنانس آفس کے لئے کارآمد ثابت ہوں۔

نام پیڈ اپرنٹس	قابلیت	تنخواہ
احسان احمد خاں	بی۔اے	[illegible]
محمد نبی خاں	ایم۔اے	[illegible]
راحت علی	×	[illegible]

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب پریذیڈنٹ ہنا کونسل
دستخط صاحب سکریٹری ہنا کونسل

آرڈران کونسل۔

واقع ۱۰ اگست ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۳ اگست ۱۹۳۳ء میں کاغذات دستور بابت اجازت داخل خارج معافیات متعلق مسجد وتکیہ وغیرہ پیش ہوکر طے پایا کہ۔

اس قسم کی معافیات کے داخل خارج کی کارروائی حسب ضابطہ جاری رکھی جاسکے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب پریذیڈنٹ ہنا کونسل
دستخط صاحب سکریٹری ہنا کونسل

آرڈر ان کونسل:-

واقع ۱۴ اگست ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۴ اگست ۱۹۳۳ء میں کاغذات بابت منظوری ۲۵ ماہانہ ہارس الاؤنس مسدودہ بہ حامد حسین صاحب افسر جنگلات پیش ہوئے

گورنمنٹ سے متعلق خدمات کیوقت منجملہ دیگر شرائط ۲۵ ماہانہ ہارس الاؤنس افسر صاحب جنگلات کو دیا جانا طے ہوا ہے۔ افسر صاحب جنگلات کے پاس گھوڑا نہ ہونے کی وجہ سے ۲۵ اپریل ۱۹۳۳ء کو یہ الاؤنس صاحب ریونیو منسٹر بہادر کے اجلاس سے مسدود کر دیا گیا

اب افسر صاحب جنگلات نے ظاہر کیا ہے کہ ایک نجی موٹر رکھکر کار متعلقہ انجام دیا جاتا ہے۔ الاؤنس مذکورہ بالا برقرار رہنے کا حکم صادر فرمایا جائے

لہذا طے پایا کہ الاؤنس مذکورہ بالا کی ادائگی کی منظوری دیجاتی ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریزیڈنٹ صاحب بہادر
دستخط صاحب سکریٹری صاحب بہادر

آرڈر ان کونسل

واقع ۱۶ اگست ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۴ اگست ۱۹۳۳ء میں کاغذات بابت عطائے عشہ ماہانہ الاؤنس بہ ڈاکٹر مہابیر پرشاد صاحب انچارج فرسٹ ایڈ لکچر کانسٹیبلان پولیس پیش ہوکر طے پایا کہ:-

بغرض اصلاح پولیس حسب تجویز صاحب ڈی۔ آئی۔ جی بہادر منظور کیا جاتا ہے کہ کانسٹیبلان پولیس کو ڈاکٹر مہابیر پرشاد صاحب ہفتہ میں دو مرتبہ فرسٹ ایڈ لکچر دیا کریں اور متعلقہ جماعتیں بغرض امتحان سینٹ جونس ایمبولنس ایسوسی ایشن کیلئے تیار کریں۔

چونکہ یہ کام ڈاکٹر مہابیر پرشاد صاحب کی معمولی خدمات کے علاوہ ہوگا۔

لہذا سلسلہ فرسٹ ایڈ لکچر ان کو پولیس بجٹ سے دس روپیہ ماہوار الاؤنس دیا جائے گا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریزیڈنٹ صاحب بہادر
دستخط صاحب سکریٹری صاحب بہادر

آرڈران کونسل

واقع ۸ اگست ۲۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۸ اگست ۲۳ء میں تحریر صاحب ڈی۔ آئی۔ جی بہادر پولیس بابت اجازت خرید سامان از قسم فرنیچر و اسٹیشنری از بازار بوجہ ارزانی نرخ کارخانہ جیل و اسٹیٹ پریس پیش ہو کر طے پایا کہ:-

صیغہ جات میں جس وقت کسی شے کی خریداری مطلوب ہو تو اول کارخانہ جیل و اسٹیٹ پریس سے اسٹیمیٹ دریافت کیا جائے۔ اگر اس تخمینہ کی رقم نسبتاً بازار سے بہت زیادہ ہو اور اس مقابلہ میں بازار سے نمایاں کمی پر عمدہ شے مطلوبہ ملجائے تو ایسی حالت میں بازار سے خریداری میں کوئی ہرج نہیں صیغہ جیل و پریس کو اس بابت مطلع کر دیا جائے لیکن اگر قیمت بابت مندرجہ تخمینہ و نرخہائے بازار میں تھوڑا فرق ہو یا کمی معاملہ تھوڑی رقم کا ہو تو ایسی صورت میں وہ سامان کارخانہ جیل و پریس سے ہی خرید کیا جائے کیونکہ بنظر مفاد سرکار سپلائی سامان فرنیچر و فرش و اسٹیشنری کا کارخانہ جیل و اسٹیٹ پریس میں انتظام کیا گیا ہے کارخانہ جیل و اسٹیٹ پریس سے آیندہ جو تخمینہ جات صیغہ کی طلبی پر مرتب کئے جائیں ان میں اسکا لحاظ رکھا جاوے کہ ہر چیز بازار کے نرخ سے زیادہ متجاوز نہو اور جو چیز ہر دو کارخانہ جات سے محکمہ جات کو سپلائی کیجائے وہ ایسی حالت میں ہو کہ صیغہ جات کو کسی قسم کی شکایت پیدا نہو سکے۔

بنظر نرخ اشیاء پر غور کئے جانے کی غرض سے صاحب فائنانس سکریٹری بہادر صیغہ جات سے کیفیت معلوم فرماکر اجلاس کونسل میں رپورٹ پیش کریں تاکہ قابل اطمینان نرخ قائم کئے جاسکیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدور سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

آرڈران کونسل

واقع ۷ اگست ۲۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۷ اگست ۱۹۲۳ء میں نقشہ احکام منظور فرمودہ صاحب پریسیڈنٹ بہادر پیش ہو کر طے پایا کہ:- احکام مندرجہ نقشہ منسلکہ منظور ہیں

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدور سے ایک نقل حکم و اصل نقل نقشہ منسلکہ برائے اندراج گزٹ سیکشن کو بھیجی جائے

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

نقشہ احکام اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر

نمبر شمار	نام ڈپارٹمنٹ	خلاصہ کاغذ	خلاصہ حکم	تاریخ حکم	خلاصہ حکم کونسل
۱	فرسٹ رامپور رضا انفنٹری	کاغذات منظوری عدم شمول رسید ریلوے متعلق حساب خرید سامان سگنلنگ [illegible] کے چار	عدم شمول رسید کی منظوری دیجاتی ہے کاغذات صاحب آنریبل منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہوں	۲۷ جولائی ۱۹۳۲ء	منظور رہے
۲	جنگلات	کاغذات تقرر (۹) کس بیلداران برائے تین (۳) ماہ بمشاہرہ چھ روپیہ ماہانہ و یک جمعدار بمشاہرہ دس روپیہ ماہوار برائے نو ماہ جس کے [illegible] ماہانہ کے ہوں گے۔	(۹) کس بیلداران و یک جمعدار کے تقرر کی اجازت دیجاتی ہے کاغذات صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہوں۔	۳۰ جولائی ۱۹۳۲ء	؍؍
۳	بجلی گھر	کاغذات رخصت ڈیڑھ ماہ سید نادر حسین وائرمین	بموجب تحریر سید نادر حسین وائرمین کی ڈیڑھ ماہ کی رخصت بصورت خاص منظور ہے آئندہ کے لئے نظیر نہ ہوگی کاغذات برائے اجرائے احکام سررشتہ صدر کو مرسل ہوں۔	؍؍	؍؍
۴	عطیات	کاغذات استمزاج رقم الاؤنس ششماہی ازان داروغہ چھمی بیگم صاحبہ بوجہ فوتی ذاتی چھمی بیگم صاحبہ	الاؤنس رقم ششماہی ازان داروغہ چھمی بیگم صاحبہ ترکہ چھمی بیگم سے باقی ہو امانت خزانہ کردیجائے کاغذات صاحب فائنینس سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔	۳۰ جولائی ۱۹۳۲ء	؍؍
۵	پولیس	کاغذات روبکار تقرر منشی فرحت علی خان صاحب قائم مقام ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ بمشاہرہ [illegible] ماہوار برائے ۲ ماہ از ۱۳ جولائی ۱۹۳۲ء	سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔	۱۲ جولائی ۱۹۳۲ء	؍؍